04.11.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان
**Music**

..................................

☆ اتراکھنڈ کے الموڑہ ضلعے میں ایک بس کے کھائی میں گر جانے سے کم از کم 36 افراد کی موت ہوگئی، جبکہ 15 زخمی ہوئے۔صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے المناک حادثے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔
☆ جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم میں تیزی آتی جارہی ہے۔ وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے جھارکھنڈ میں گڑھوا کے مقام پر انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔
☆ مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے نئی دِلی میں بین الاقوامی شمسی اتحاد کے ساتویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نصب شدہ شمسی صلاحیت کے 90 گیگا واٹ تک پہنچ گیا ہے۔
☆ امریکہ میں کل ہونے والے صدر کے عہدے کے چناؤ کیلئے تیاریاں کی جارہی ہیں۔ ریپبلکن امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ اور ڈیموکریٹک لیڈر کملا ہیرس آمنے سامنے ہیں۔
☆ امریکی وفاقی بینک کی میٹنگ سے قبل سرمایہ کاروں کے محتاط موقف کے تناظر میں ملک کے شیئر بازاروں میں ایک فیصد سے زیادہ کی گراوٹ آئی ہے۔
☆ اور ٹیبل ٹینس میں بھارت کے ہرمیت دیسائی نے وینزوئیلا میں WTT ٹورنامنٹ میں دو ٹائٹل جیتے ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Uttrakhand Accident**

اتراکھنڈ کے الموڑہ ضلعے میں آج صبح ایک بس کے گہری کھائی میں گر جانے سے 36 مسافروں کی موت ہوگئی، جبکہ 15 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ جائے حادثہ پر بچاؤ اور امدادی کارروائی زوروشور سے جاری ہے۔ یہ بس Gaulikhal علاقے سے رام نگر جارہی تھی اور اِس میں 51 مسافر سوار تھے۔SDRF، NDRF، پولیس اور مقامی حکام امدادی کارروائی میں لگے ہوئے ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیراعظم نریندر مودی اور اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے اِس حادثے میں لوگوں کی موت ہونے پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے اِس حادثے میں مرنے والوں کے لواحقین کیلئے وزیراعظم کے امدادی فنڈ سے 2-2 لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے، جبکہ زخمیوں کو 50-50 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے مرنے والوں کے کنبوں کیلئے 4-4 لاکھ روپے کی مالی امداد کا حکم دیا ہے، جبکہ زخمیوں کو ایک-ایک لاکھ روپے دیئے جائیں گے۔

اُنہوں نے کماؤں ڈویژن کے کمشنر کو ہدایت دی ہے کہ اِس حادثے کی انکوائری مجسٹریٹ سے کرائی جائے۔

**PM-Jharkhand**

جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم میں تیزی آتی جارہی ہے۔ وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے جھارکھنڈ میں گڑھوا کے مقام پر انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔جناب مودی نے الزام لگایا کہ ہیمنت سورین کی زیرقیادت سرکار نے جھارکھنڈ کے عوام کو دھوکہ دیا ہے۔ گڑھوا کے Chetna میدان میں انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ جھارکھنڈ مکتی مورچہ، کانگریس اور RJD نے صرف جھوٹے وعدے کئے ہیں۔ وزیراعظم نے لوگوں کو تلقین کی کہ وہ ترقی کی رفتار دوگنا کرنے کی خاطر ریاست میں ڈبل انجن سرکار کیلئے BJP کو ووٹ دیں۔ جناب مودی نے اِن تینوں پارٹیوں کو دراندازوں کا حامی قرار دیا اور اُن پر خوشنودی کی اپنی پالیسی کو اُس کی انتہا تک پہنچانے کا الزام لگایا۔

**Joshi-ISA**

نئی اور قابل تجدید توانائی کے وزیر پرہلاد جوشی نے آج کہا ہے کہ 2030 تک 500 گیگا واٹ کی قابل تجدید توانائی کی صلاحیت حاصل کرنے کے اپنے ہدف کے تحت بھارت 90 گیگا واٹ کی نصب شدہ شمسی صلاحیت تک پہنچ گیا ہے۔ جناب جوشی نئی دلی میں بین الاقوامی شمسی اتحاد کے ساتویں اجلاس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ وزیرموصوف نے کہا کہ حکومت نے 37 اعشاریہ 5 گیگا واٹ کی قابل تجدید توانائی کی صلاحیت کے ساتھ 50 شمسی پارکس کو منظوری دی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس سال عالمی شمسی توانائی کا شعبہ تقریباً دو Terawatts روشنی سے بجلی پیدا کرنے کی خاطر نصب شدہ شمسی صلاحیت تک پہنچ جائے گا۔اِس سال عالمی شمسی اتحاد بھارت کی زیر صدارت ہورہا ہے اور فرانس اُس کا معاون صدر ہے۔ اِس اسمبلی کے دوران ممبر ملکوں میں، خاص طور سے توانائی کی محدود رسائی والے خطوں میں شمسی توانائی کے وسیلوں کو نصب کرنے میں تیزی لانے کے لیے اختیار کئے جانے والے ذرائع اور طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

**PM-Bhasha Gaurav Saptah**

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس ماہ کی 3 سے 9 تاریخ تک منائے جانے والے بھاشا گورو سپتاہ کے لیے آسام کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ بھاشا گورو سپتاہ سے متعلق آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما کی ایک پوسٹ کو شیئر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ آسامی زبان کو کلاسیکی زبان کا درجہ دیے جانے پر آسام کے لوگوں کے جوش وخروش کو ظاہر کرنے کی ایک بہترین کوشش ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس ہفتے کا جشن منانے کی سرگرمیاں ریاست کے عوام اور آسام کی ثقافت کے مابین رشتوں کو مزید مستحکم کرے گی۔ بھاشا گورو سپتاہ کا مقصد آسام کی گونا گونیت اور ریاست کی زبانوں کی میراث کا جشن منانا ہے۔

**Jaishankar**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج آسٹریلیا کے برسبین میں بھارت کے نئے قونصلر جنرل کا باضابطہ طور پر افتتاح کیا۔ اِس موقع پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ یہ قونصل خانہ کوئنس لینڈ کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو مستحکم کرے گا، جس سے تجارت، تعلیمی رابطوں اور وہاں آباد بھارتی برادری کو سہولیات کے سلسلے میں فروغ حاصل ہوگا۔ انہوں نے قونصلر جنرل کا افتتاح کئے جانے کو بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بڑھتے ہوئے مضبوط باہمی رشتوں میں ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے مزید

کہا کہ یہ گزشتہ برس آسٹریلیا میں بھارتی برادری سے وزیر اعظم نریندر مودی کے کئے گئے وعدے کی تکمیل ہے۔وزیر موصوف نے کوئنس لینڈ کی گورنر ڈاکٹر Jeannette Young سے بھی ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے بھارت اور کوئنس لینڈ کے درمیان تجارت وسرمایہ کاری میں امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔

**EC Maha DGP**

انتخابی کمیشن نے مہاراشٹر کی ڈائریکٹر جنرل پولیس رشمی شکلا کا فوری طور سے تبادلہ کئے جانے کا حکم دیا ہے اور مہاراشٹر کے چیف سکریٹری کو یہ ہدایت دی ہے کہ اُن کی ذمے داری متعلقہ کیڈر میں اگلے سب سے سینئر IPS افسر کے سپرد کی جائے۔ چیف سکریٹری کو یہ ہدایت بھی دی گئی ہے کہ وہ کل دوپہر ایک بجے تک نئے DGP کے تقرر کیلئے تین IPS افسروں کے پینل کے ناموں کی فہرست پیش کریں۔کانگریس اور شیوسینا UBT سمیت اپوزیشن پارٹیوں نے اعلیٰ انتخابی کمشنر کو شکایت پیش کی تھی، جس میں محترمہ رشمی شکلا پر جانبدارانہ رویہ اختیار کرنے کا الزام لگایا گیا تھا۔اِن پارٹیوں نے اُنہیں ریاستی پولیس کے سربراہ کے عہدے سے ہٹانے کی درخواست کی تھی۔

**Karnataka BJP Protest**

بی جے پی کی کرناٹک شاخ نے وجے پورہ ضلعے میں کسانوں کو وقف کی زمین خالی کرنے سے متعلق نوٹس جاری کئے جانے کے معاملے پر آج پوری ریاست میں احتجاج کیا۔ ہبلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے سابق وزیراعلیٰ اور ممبرپارلیمنٹ Basavaraj Bommai نے زمین خالی کرنے کے نوٹس واپس لئے جانے کے وزیراعلیٰ سدّارمیّا کے فیصلے پر سوال اُٹھایا۔ جناب Bommai نے یہ سوال کیا کہ اگر سرکار نے کچھ بھی غلط نہیں کیا ہے تو اب یہ نوٹس واپس کیوں لئے جارہے ہیں۔ اُنہوں نے اُس آراضی پر نوٹس جاری کرنے کی خاطر ضلع انتظامیہ پر دباؤ ڈالنے کیلئے ہاؤسنگ اور اقلیتوں کی بہبود کے وزیر ضمیر احمد کو موردِالزام ٹھہرایا، جن پر وقف اپنا دعویٰ کرتا ہے۔ ریاست کے وزیراعلیٰ سدّارمیّانے کُل ریونیو حکام کو مذکورہ نوٹس فوری طور پر واپس لئے جانے کی ہدایت جاری کی تھی اور BJP سے کہا تھا کہ وہ اِس معاملے کو سیاسی رنگ نہ دے۔

**US Election**

امریکہ میں 47ویں صدر کے انتخاب کیلئے کُل ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس چناؤ میں ریپبلکن امیدوار ڈونالڈ ٹرمپ اور ڈیموکریٹک لیڈر کملا ہیرس کے درمیان مقابلہ ہے۔ یہ امید کی جارہی ہے کہ گزشتہ کئی دہائیوں میں صدر کے عہدے کیلئے یہ سب سے قریبی مقابلوں میں سے ایک چناؤ ہوگا۔دونوں امیدواروں نے رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔چناؤ جیتنے کیلئے ایک امیدوار کو 270 الیکٹورل کالج ووٹوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ رائے عامہ کے تازہ جائزوں سے اِس بات کا اشارہ ملتا ہے کہ صدر کے عہدے کے چناؤ کے نتیجوں کا دارومدار اِس بات پر ہوگا کہ سات اہم ریاستوں میں رائے دہندگان کیا رُخ اختیار کرتے ہیں۔ اِن ریاستوں میں Arizona، Nevada، Wisconsin، Michigan، Pensnsylvania، شمالی کیرولینا اور جارجیا شامل ہیں۔اِدھر ریپبلکن امیدوار اور سابق صدر ٹرمپ نے شمالی کیرولینا میں Kinston کے مقام پر ایک ریلی کی اور اپنی حریف اور نائب صدر کملا ہیرس کو یہ کہتے ہوئے نشانہ بنایا کہ اُن کے پاس کوئی نظریہ، کوئی تجویز اور کوئی حل نہیں ہے اور یہ کہ اُن کا کام مختلف معاملات پر صرف اُنہیں ذمے دار ٹھہرانا ہے۔ دوسری طرف صدر کے عہدے کیلئے ڈیموکریٹک امیدوار کملاہیرس نے غزہ میں جاری لڑائی ختم کرانے، یرغمال بنائے گئے افراد کو واپس لانے

اور اسرائیل کی سیکورٹی کے ساتھ ساتھ عزت وقار اور حق خود ارادیت کے فلسطینی عوام کے حق کو یقینی بنانے کا عہد کیا ہے۔ محترمہ کملا ہیرس نے Michigan میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے۔

**Sensex**

امریکی وفاقی بینک کی میٹنگ سے قبل سرمایہ کاروں کے محتاط موقف کے تناظر میں ملک کے شیئر بازاروں میں ایک فیصد سے زیادہ کی گراوٹ آئی ہے۔ امریکہ میں صدر کے عہدے کے چناؤ اور فیڈرل ریزرو کی مالی پالیسی میٹنگ ہونے کے تناظر میں سرمایہ کار محتاط رویہ اختیار کئے ہوئے ہیں۔بامبے اسٹاک ایکسچینج کا Sensex ایک ہزار 227 پوائنٹ یعنی ایک اعشاریہ پانچ-چار فیصد کی گراوٹ کے ساتھ 78 ہزار 497 پر آ گیا۔اِدھر نیشنل اسٹاک ایکسچینج کا Niffty بھی 420 پوائنٹ یعنی ایک اعشاریہ سات-تین فیصد کم ہوکر 23 ہزار 884 پر آ گیا۔

**Table Tennis**

بھارت کے ٹیبل ٹینس کے اسٹار کھلاڑی ہرمیت دیسائی نے آج Venezuela میں WTT Feeder Careas مقابلے میں 2 خطاب اپنے نام کئے۔ انہوں نے مردوں کا سنگلز اور مکسڈ ڈبلز کا خطاب جیتا ہے۔ مکسڈ ڈبلز میں دیسائی اور ان کی ساتھی کھلاڑی Krittwika Roy نے کیوبا کے Jorge Campos اور Daniela Fonseca کو فائنل میں تین-دو سے ہراکر خطاب جیتا۔اس سے قبل وہ چین کی جوڑی کو ہرا کر فائنل میں پہنچے تھے۔دیسائی نے مردوں کے سنگلز میں فرانس کے Joe Seyfried کو فائنل میں تین-صفر سے ہراکر خطاب جیتا۔